# اتوار 3 مئی، 2026

## مضمون۔ دائمی سزا

*سنہری متن:* **یوحنا 3 باب 17 آیت**

---

”کیونکہ خدا نے بیٹے کو دنیا میں اس لئے نہیں بھیجا کہ دنیا پر سزا کا حکم کرے بلکہ اس لئے کہ دنیا اُس کے وسیلہ سے نجات پائے۔“

---

جوابی مطالعہ: **زبور 62: 1، 2، 5، 7، 8 آیات**

1۔ میری جان کو خدا ہی کی آس ہے۔ میری نجات اُسی سے ہے۔

2۔ وہی اکیلا میری چٹان اور میری نجات ہے۔ وہی میرا اُونچا برج ہے۔ مجھے زیادہ جنبش نہ ہو گی۔

5۔ اے میری جان خدا ہی کی آس رکھ کیونکہ اُسی سے مجھے امید ہے۔

7۔ میری نجات اور میری شوکت خدا کی طرف سے ہے۔ خدا ہی میری قوت کی چٹان اور میری پناہ ہے۔

8۔ اے لوگو! ہر وقت اُس پر توکل کرو۔ اپنے دل کا حال اُس کے سامنے کھول دو۔ خدا ہماری پناہ گاہ ہے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

# درسی وعظ

## بائبل میں سے

### 1۔ زبور 107:1تا6آیات

1۔ خداوند کا شکر کرو کیونکہ وہ بھلا ہے اور اُس کی شفقت ابدی ہے۔

2۔ خداوند کے چھڑائے ہوئے یہی کہیں۔ جن کو اُس نے فدیہ دے کر مخالف کے ہاتھ سے چھڑا لیا۔

3۔ اور اُن کو ملک ملک سے جمع کیا۔ پورب سے پچھم سے۔ اُتر سے اور دکھن سے۔

4۔ وہ بیابان میں صحرا کے راستے پر بھٹکتے پھرے۔ اُن کو بسنے کے لئے کوئی شہر نہ ملا۔

5۔ وہ بھوکے اور پیاسے تھے اور اُن کا دل بیٹھا جاتا تھا۔

6۔ تب اپنی مصیبت میں اُنہوں نے فریاد کی۔ اور اُس نے اُن کو اُن کے دکھوں سے رہائی بخشی۔

### 2۔ 2کرنتھیوں 6باب 1، 2آیات

1۔ اور ہم جو اُس کے ساتھ کام میں شریک ہیں یہ بھی تم سے التماس کرتے ہیں کہ خدا کا فضل جو تم پر ہوا ہے بے فائدہ نہ رہنے دو۔

2۔ کیونکہ وہ فرماتا ہے کہ میں نے قبولیت کے وقت تیری سن لی اور نجات کے دن تیری مدد کی۔ دیکھو اب قبولیت کا وقت ہے۔ دیکھو یہ نجات کا دن ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ''میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 3۔ فلپیوں 2 باب 12، 13 آیات

12۔ اس لیے، اے میرے عزیزو! جس طرح تم ہمیشہ سے فرمانبرداری کرتے آئے ہو اُسی طرح اب بھی نہ صرف میری حاضری میں بلکہ اُس سے بہت زیادہ میری غیر حاضری میں ڈرتے اور کانپتے ہوئے اپنی نجات کا کام کرتے جاؤ۔

13۔ کیونکہ جو تم میں نیت اور عمل دونوں کو اپنے نیک ارادہ کو انجام دینے کے لئے پیدا کرتا ہے وہ خدا ہے۔

## 4۔ 2 سلاطین 5 باب 1 تا 4، 9 تا 16 آیات

1۔ اور شاہ ارام کے لشکر کا سردار نعمان اپنے آقا کے نزدیک معزز و مکرم تھا کیونکہ خداوند نے اُس کے وسیلہ سے ارام کو فتح بخشی تھی وہ زبردست سورما بھی تھا لیکن کوڑھی تھا۔

2۔ اور ارامی دَل باندھ کر نکلے تھے اور اسرائیل کے ملک میں سے ایک چھوٹی لڑکی کو اسیر کر کے لے آئے تھے۔ وہ نعمان کی بیوی کی خدمت کرتی تھی۔

3۔ اُس نے اپنی بی بی سے کہا کاش میرا آقا اُس نبی کے ہاں ہوتا جو سامریہ میں ہے تو وہ اُسے اُس کے کوڑھ سے شفا دے دیتا۔

4۔ سو کسی نے اندر جا کر اپنے مالک سے کہا وہ چھوکری جو اسرائیل کے ملک کی ہے ایسا ایسا کہتی ہے۔

9۔ سو نعمان اپنے گھوڑوں اور رتھوں سمیت آیا اور الیشع کے دروازے پر کھڑا ہوا۔

10۔ اور الیشع نے ایک قاصد کی معرفت کہلا بھیجا کہ جا اور یردن میں سات بار غوطہ مار تو تیرا جسم پھر بحال ہو جائے گا اور تُو پاک صاف ہو گا۔

11۔ پر نعمان ناراض ہو کر چلا گیا اور کہنے لگا مجھے گُمان تھا کہ وہ نکل کر ضرور میرے پاس آئے گا اور کھڑا ہو کر خداوند اپنے خدا سے دعا کرے گا اور اُس جگہ کے اوپر اپنا ہاتھ ادھر اُدھر ہلا کر کوڑھی کو شفا دے گا۔

12۔ کیا دمشق کے دریا ابانہ اور فرفر اسرائیل کی سب ندیوں سے بڑھ کر نہیں ہے۔ کیا میں اُن میں نہا کر پاک صاف نہیں ہو سکتا؟ سو وہ مڑا اور بڑے قہر میں چلا گیا۔

13۔ تب اُس کے ملازم اُس کے پاس آ کر یوں کہنے لگے اے ہمارے باپ اگر وہ نبی کوئی بڑا کام کرنے کا تجھے حکم دیتا تو کیا تو اُسے نہ کرتا؟ پس جب وہ کہتا ہے کہ نہا لے اور پاک صاف ہو جا تو کتنا زیادہ اُسے ماننا چاہیئے؟

14۔ تب اُس نے اتر کر مردِ خدا کے کہنے کے مطابق یردن میں سات غوطے مارے اور اُس کا جسم چھوٹے بچے کے جسم کی مانند ہو گیا اور وہ پاک صاف ہو گیا۔

15۔ پھر وہ اپنی جلو کے سب لوگوں کے ساتھ مردِ خدا کے پاس لوٹا اور اُس کے سامنے کھڑا ہوا اور کہنے لگا دیکھ اب میں نے جان لیا کہ اسرائیل کو چھوڑ اور کہیں روئے زمین پر کوئی خدا نہیں اِس لئے اب کرم فرما کر اپنے خادم کا ہدیہ قبول کر۔

16۔ لیکن اُس نے جواب دیا خُداوند کی حیات کی قسم جس کے آگے میں کھڑا ہوں میں کچھ نہیں لونگا اور اُس نے اُس سے بہت اصرار کیا کہ لے پر اُس نے انکار کیا۔

## 5۔ لوقا 19 باب 1 تا 10 آیات

1۔ وہ یریحو میں داخل ہو کر جا رہا تھا۔

2۔ اور دیکھو زکائی نام ایک آدمی تھا جو محصول لینے والوں کا سردار اور دولتمند تھا۔

3۔ وہ یسوع کو دیکھنے کی کوشش کرتا تھا لیکن بھیڑ کے سبب سے دیکھ نہ سکتا تھا۔ اس لئے کہ اُس کا قد چھوٹا تھا۔

4۔ پس اُسے دیکھنے کے لئے آگے دوڑ کر ایک گولر کے پیڑ پر چڑھ گیا کیونکہ وہ اُسی راہ سے جانے کو تھا۔

5۔ جب یسوع اُس جگہ پہنچا تو اوپر نگاہ کر کے اُس سے کہا اے زکائی جلد اُتر آ کیونکہ آج مجھے تیرے گھر رہنا ضرور ہے۔

6۔ وہ جلد اُتر کر خوشی سے اُس کو اپنے گھر لے گیا۔

7۔ جب لوگوں نے یہ دیکھا تو سب بڑبڑا کر کہنے لگے یہ تو ایک گناہگار شخص کے ہاں جا اُترا۔

8۔ اور زکائی نے کھڑے ہو کر خداوند سے کہا اے خداوند دیکھ میں اپنا آدھا مال غریبوں کو دیتا ہوں اور اگر کسی کا کچھ ناحق لے لیا ہے تو اُس کو چوگنا ادا کرتا ہوں۔

9۔ یسوع نے اُس سے کہا آج اِس گھر میں نجات آئی ہے۔ اِس لئے کہ یہ بھی ابراہام کا بیٹا ہے۔

10۔ کیونکہ ابن آدم کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈنے اور نجات دینے آیا ہے۔

## 6۔ زبور 46: 1، 2 (تا پہلی)، 4، 5 (تا:)، 10، 11 (تا پہلی) آیات

1۔ خدا ہماری پناہ اور قوت ہے۔ مصیبت میں مُستعد مددگار۔

2۔ اس لئے ہم کو کچھ خوف نہیں خواہ زمین اُلٹ جائے۔ اور پہاڑ سمندر کی تہہ میں ڈال دیئے جائیں۔

4۔ ایک ایسا دریا ہے جس کی شاخوں سے خدا کے شہر کو یعنی حق تعالیٰ کے مقدس مسکن کو فرحت ہوتی ہے۔

5۔ خدا اُس میں ہے۔ اُسے کبھی جُنبش نہ ہوگی۔ خدا صبح سویرے اُس کی کُمک کرے گا۔

10۔ خاموش ہو جاؤ اور جان لو کہ میں خدا ہوں۔ میں قوموں کے درمیان سربلند ہوں گا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

11۔ لشکروں کا خداوند ہمارے ساتھ ہے۔ یعقوب کا خدا ہماری پناہ ہے۔

### 7۔ زبور 91: 1 تا 3 آیات

1۔ جو حق تعالیٰ کے پردے میں رہتا ہے وہ قادر مطلق کے سایہ میں سکونت کرے گا۔

2۔ میں خداوند کے بارے میں کہوں گا وہی میری پناہ اور میرا گڑھ ہے۔ وہ میرا خدا ہے جس پر میرا توکل ہے۔

3۔ کیونکہ وہ تجھے صیاد کے پھندے سے اور مہلک وبا سے چھڑائے گا۔

### 8۔ یسعیاہ 10 باب 24 (تا پہلی) آیت

24۔ لیکن خداوند رب الافواج فرماتا ہے،

### 9۔ زبور 91: 14 تا 16 آیات

14۔ چونکہ اُس نے مجھ سے دل لگایا ہے اِس لئے میں اُسے چھڑاؤں گا۔ میں اُسے سرفراز کروں گا کیونکہ اُس نے میرا نام پہچانا ہے۔

15۔ وہ مجھے پکارے گا اور میں اُسے جواب دوں گا۔ میں مصیبت میں اُس کے ساتھ رہوں گا۔ میں اُسے چھڑاؤں گا اور عزت بخشوں گا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

16۔ میں اُسے عمر کی درازی سے آسودہ کروں گا۔اور اپنی نجات اُسے دکھاؤں گا۔

## سائنس اور صحت

### 1۔ 444:10۔12

وہ جو اُس پر بھروسہ رکھتے ہیں قدم بہ قدم یہ جانیں گے کہ ''خدا ہماری پناہ اور قوت ہے۔ مصیبت میں مستعد مددگار۔''

### 2۔ 22:11۔12

''اپنی نجات کے لئے کوشش کریں''، یہ زندگی اور محبت کا مطالبہ ہے، کیونکہ یہاں پہنچنے کے لئے خدا آپ کے ساتھ کام کرتا ہے۔

### 3۔ 593:20۔22

نجات۔ زندگی، سچائی اور محبت کو سب پر اعلیٰ سمجھا اور ظاہر کیا گیا؛ پاپ، بیماری اور موت کو نیست کیا گیا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 4۔ 394:17۔27

تجربے نے مصنف کے لئے عام طور پر مادی نظاموں کی غلط فہمی کو ثابت کیا ہے، کہ ان کے نظریات بعض اوقات نقصان دہ ہوتے ہیں، اور ان کے انکار ان کے اثبات سے بہتر ہوتے ہیں۔ کیا آپ ایک آدمی کو برائیوں پر قابو پانے کا حکم دیں گے، اسے یقین دلاتے ہوئے کہ تمام بدبختی خدا کی طرف سے ہے، جس کے خلاف انسانوں کو نہیں لڑنا چاہیے؟ کیا آپ بیماروں کو بتائیں گے کہ ان کی حالت نااُمید ہے، جب تک کہ اسے دوا یا آب و ہوا سے مدد نہ ملے؟ کیا مادی ذرائع مہلک امکانات سے واحد پناہ گاہ ہیں؟ کیا ہر قسم کے اختلاف کو ہم آہنگی، حق اور سچ کے ساتھ فتح کرنے کی کوئی خدائی اجازت نہیں ہے؟

## 5۔ 240:18۔26

جیسے جیسے وقت گزرتا ہے بشر نیکی یا بدی کی طرف مائل ہوتے جاتے ہیں۔ اگر بشر آگے بڑھنے والے نہیں ہیں، تو گزشتہ ناکامیاں تب تک دوہرائی جاتی رہیں گی جب تک کہ تمام تر غلط کام ختم نہیں ہو جاتے یا ٹھیک نہیں ہو جاتے۔ اگر فی الحال غلط کام سے مطمین ہیں، تو ہمیں اِس سے نفرت کرنا سیکھنا ہوگا۔ اگر فی الحال سُستی سے مطمئن ہیں، تو ہمیں اِس سے غیر مطمئن ہونا ہوگا۔ یاد رکھیں کہ انسان جلد یا بدیر، خواہ دُکھوں کی بدولت یا سائنس کی بدولت، غلطی پر آمادہ ہو جائیں گے کہ اِسے زیر ہونا ہے۔

## 6۔ 37:27۔9

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کُنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

اِن ناگزیر احکامات کو سنیں: ”پس چاہئے کہ تم کامل ہو جیسا تمہارا آسمانی باپ کامل ہے!“ ”تم تمام دنیا میں جا کر ساری خلق کے سامنے انجیل کی منادی کرو!“ ”بیمار کو شفا دو!“

اس مسیحیت نے انسانوں کو مسیحی کوششوں کے لئے متحرک کرنے کے لئے اتنے کم الہام کا مطالبہ کیوں کیا ہے؟ کیونکہ انسانوں کو یقین دلایا جاتا ہے کہ یہ حکم صرف ایک خاص مدت اور پیروکاروں کی مخصوص تعداد کے لئے تھا۔ یہ تعلیم پرانے نظریے کی پیش بندی سے بھی زیادہ نقصان دہ ہے، چند کا انتخاب بچایا جائے، جبکہ باقی ملعون ہیں۔ اور اس طرح اس پر غور کیا جائے گا، جب انسانوں کے بنائے ہوئے عقائد کی وجہ سے انسانوں کی سستی، الٰہی سائنس کے تقاضوں سے ٹوٹ جاتی ہے۔

## 7۔ 31:12-17

مسیحی فرائض کی فہرست میں سب سے پہلا فرض جو اُس نے اپنے پیروکاروں کو سکھایا وہ سچائی اور محبت کی شفائیہ قوت ہے۔ اُس نے بے جان رسموں کو کوئی اہمیت نہیں دی۔ یہ زندہ مسیح، عملی سچائی ہی ہے جو مسیح کو اُن سب کے لئے ”قیامت اور زندگی“ بناتا ہے جو کاموں میں اُس کی پیروی کرتے ہیں۔

## 8۔ 39:1-25

عاجزی کے ساتھ ہمارے مالک نے اپنی غیر تسلیم شدہ عظمت کا مذاق اڑایا۔ جیسی ملامت اُس نے اُٹھائی، اُس کے پیروکار مسیحیت کی آخری فتح تک برداشت کریں گے۔ اُس نے ابدی اجر حاصل کئے۔ اُس نے دنیا، بدن اور ساری غلطی پر قابو پایا، یوں اُن کے عدم کو ثابت کیا۔ وہ گناہ، بیماری اور موت سے مکمل نجات لایا۔ ہمیں ”مسیح،

اور اُس کے مصلوب ہونے'' کی ضرورت ہے۔ ہمیں مشکلات اور خود انکاریوں کے ساتھ ساتھ خوشیاں اور کامیابیاں حاصل کرنی چاہئیں، جب تک کہ ساری غلطی نیست نہیں ہو جاتی۔

تعلیم دیا گیا عقیدہ کہ جان بدن میں انسانوں کو موت سے بطور دوست بننے کا سبب بنتا ہے، یعنی لافانیت اور نعمت میں سے فانیت سے اخذ کیا گیا راستے کا پتھر۔ بائبل موت کو دشمن کہتی ہے، اور یسوع انہیں قبول کرنے کی بجائے موت اور قبر پر فتح مند ہوا۔

رسول نے پکارا، ''اب یہ قبولیت کا وقت ہے۔ دیکھو یہ نجات کا دن ہے''، مطلب یہ ہر گز نہیں کہ اب انسان کو مستقبل کی دنیا کی نجات یا حفاظت کے لئے تیاری کرنی چاہئے، بلکہ یہ کہ اب اِس نجات کا روح اور زندگی میں تجربہ کرنے کا وقت ہے۔ اب وقت ہے نام نہاد مادی تکلیفوں اور مادی خوشیوں کو ترک کرنے کا، کیونکہ دونوں غیر حقیقی ہیں، اس لئے کہ دونوں سائنس میں ناممکن ہیں۔ اِس زمینی جادو کو ختم کرنے کے لئے، بشر کو اُس سب کے حقیقی تصور اور الٰہی اصول کو سمجھنا چاہئے جو ہم آہنگی کے ساتھ کائنات میں وجود رکھتا اور اُس پر حکمرانی کرتا ہے۔ اِس خیال کو آہستہ آہستہ سمجھا جاتا ہے، اور شکوک اور ناکامیوں اِس کے علاوہ فتوحات کے ساتھ اِس کے حصول کو ممکن بنانے سے پیشتر اِس کے دو حصے کئے جاتے ہیں۔

## 9۔ 30:30۔32

ہم خود اِس کا انتخاب نہیں کر سکتے، مگر ہماری نجات کے لئے ہمیں ویسے ہی کام کرنا چاہئے جیسے یسوع نے ہمیں سکھایا ہے۔

---

## 10۔ 29-31:98

وہ راہ جس سے لافانیت اور زندگی کی تعلیم پائی جاتی ہے وہ کلیسیائی نہیں بلکہ مسیحی، انسانی نہیں الٰہی، جسمانی نہیں مابعد الطبیعاتی، مادی نہیں بلکہ سائنسی طور پر روحانی ہے۔ انسانی فلسفہ، اخلاقیات اور توہم اُس قابل اثبات الٰہی اصول کو برداشت نہیں کرتے جس کی بدولت بشر گناہ سے فرار ہو سکیں؛ تاہم گناہ سے فرار، بائبل کا مطالبہ ہے۔ رسول کہتا ہے، ”ڈرتے اور کانپتے ہوئے اپنی نجات کا کام کرتے جاؤ،“ اور وہ برائے راست یہ بات شامل کرتا ہے کہ، ”کیونکہ جو تم میں نیت اور عمل دونوں کو اپنے نیک ارادہ کو انجام دینے کے لئے پیدا کرتا ہے وہ خدا ہے،“ (فلپیوں 2 باب 12، 13 آیات)۔ سچائی نے بادشاہت کی کنجی تیار کر لی ہے، اور اِس کنجی کی بدولت کرسچن سائنس نے انسانی فہم کا دروازہ کھول لیا ہے۔ کوئی بھی تالہ نہیں اٹھا سکتا اور نہ ہی کسی دروازے سے داخل ہو سکتا ہے۔ عام تعلیمات مادی ہیں نہ کہ روحانی۔ کرسچن سائنس صرف وہی سکھاتی ہے جو روحانی اور الٰہی ہے، انسانی نہیں۔ کرسچن سائنس بے ربط اور الٰہی ہے۔ چیزوں کا انسانی احساس غلط ہے کیونکہ یہ انسان ہے۔

وہ افراد جو تھیوسفی، روحانیت، یا ہپناٹزم کو اپناتے ہیں، ان کی فطرت کچھ دوسروں سے بڑھ کر ہو سکتی ہے جو اپنے غلط عقائد سے بچتے ہیں۔ اس لیے میرا مقابلہ فرد سے نہیں باطل انسان سے ہے۔ میں بنی نوع انسان سے محبت کرتا ہوں اور محنت کرتا رہوں گا اور برداشت کرتا رہوں گا۔

سچی روحانیت کے پُر سکون، مضبوط دھارے، جن کے اظہار صحت، پاکیزگی اور خود کار قربانی ہیں، اِنہیں اُس وقت انسانی تجربے کو گہرا کرنا چاہئے جب تک مادی وجودیت کے عقائد واضح مسلط ہوتے ہوئے دکھائی نہیں دیتے اور گناہ، بیماری اور موت روحانی الوہیت کے سائنسی اظہار اور خدا کے روحانی، کامل انسان کو جگہ فراہم نہیں کرتے۔

## 11۔ 31-24:264

روحانی زندگی اور برکت ہی واحد ثبوت ہیں جن کے وسیلہ ہم حقیقی وجودیت کو پہچان سکتے اور ناقابل بیان امن کو محسوس کرتے ہیں جو سب جذب کرنے والی روحانی محبت سے نکلتا ہے۔

جب ہم کرسچن سائنس میں راستہ جانتے ہیں اور انسان کی روحانی ہستی کو پہچانتے ہیں، ہم خدا کی تخلیق کو سمجھیں اور دیکھیں گے، سارا اجلال زمین اور آسمان اور انسان کے لئے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ”تیری بادشاہی آئے؛“ الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

# فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہوگا، وہ بے قصور یا قصوار ہوگا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*